© rasailojaraid.com



الاثر: ج۱، ص ۹۳)

مجموعی طور پر کتاب سلیقے سے شائع ہوئی ہے اور ماضی قریب میں شائع ہونے والی اردو کتب سیرت میں اچھا اضافہ ہے۔ البتہ کتاب میں حوالہ جات کا اہتمام نہیں ہے، قرآن کریم کی آیات کے حوالوں میں بھی صرف سورت کا نام درج کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

نام کتاب: وصال حبیب کبریا ﷺ اور حیات طیبہ کے آخری ایام

مولف: احمد جاد

مترجم: مولانا حافظ محمد عادل ولیجہ مظاہری

ناشر: ادارہ صدائے اسلام، لاہور۔ ۲۰۱۱ء

صفحات: ۱۷۲

تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن

سیرت طیبہ پر مختلف حوالوں سے عرصے سے لکھا جا رہا ہے، بات وہی ہے کہ یہ سلسلہ سعادتوں کا سلسلہ ہے، ہر شخص اس بزم میں حصول سعادت کے لئے اپنی اپنی توفیق کے مطابق شرکت کر رہا ہے۔ یہ کتاب ایک عرب اہل قلم احمد جاد کی تالیف ہے، جسے مولانا حافظ محمد عادل ولیجہ مظاہری نے اردو میں منتقل کیا ہے، مگر کتاب سے مولف ومترجم کے حوالے سے کچھ معلومات حاصل نہیں ہوتیں، یہ تک بھی نہیں کہ ان دونوں کا تعلق کن ممالک سے ہے؟ ناشرین کو ان معلومات کی طرف خصوصیت سے توجہ دینی چاہئے۔

یہ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے، ابواب کی تفصیل یہ ہے:

وصال حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی نشانیوں اور ابتدائی تنبیہات کا بیان۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض الوفات کا بیان۔

رحلت سے قبل رسول اللہ ﷺ کی جامع وصیتوں کا بیان۔

رسول اللہ ﷺ کے قرب وصال کے احوال۔

وصال نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے بیان میں۔

رسول اللہ ﷺ کے وصال سے مسلمانوں کو جو کچھ مصیبت پہنچی اس کا بیان۔

سرور دو عالم ﷺ کے جسد مبارک کی تجہیز کا بیان۔

رسول اللہ ﷺ کی عمر مبارک کا بیان۔

© rasailojaraid.com